# کن چیزوں کی اجازت ہے اور کن چیزوں کی اجازت نہیں؟

اگست 2025

**آگ کی اطلاع دینے کے لیے**

**000 ڈائل کریں**

Urdu | اردو

یہ گائیڈ عمومی معلومات فراہم کرتی ہے کہ آپ 'فائر ڈینجر پیریڈ' (آگ کے خطرے کا زمانہ) قرار پانے والے عرصے اور 'ٹوٹل فائر بین' (آگ جلانے کی مکمل ممانعت) کے دنوں میں کیا کر سکتے ہیں اور کیا نہیں کر سکتے، جب کھلی ہوا میں آگ جلانے پر قانونی پابندی ہوتی ہے۔

CFA وکٹوریہ میں آگ لگنے کے زیادہ خطرے والے عرصوں میں فائر ڈینجر پیریڈز کا اعلان کرتی ہے اور سٹیٹ کے مختلف علاقوں میں مختلف عرصوں کو فائر ڈینجر پیریڈز قرار دے سکتی ہے۔ اپنے علاقے کے بارے میں مزید تفصیلات کے لیے CFA کی ویب سائٹ cfa.vic.gov.au دیکھیں۔ ریاستی جنگلات، نیشنل پارکس اور پروٹیکشن کے تحت پبلک زمینوں پر آگ کے سلسلے میں پابندیاں سارا سال نافذ رہتی ہیں۔ ان علاقوں میں آگ پر پابندیوں کے بارے میں معلومات کے لیے ڈیپارٹمنٹ آف انرجی، انوائرنمنٹ اینڈ کلائمیٹ ایکشن (DEECA) سے رابطہ کریں۔ اور ہمیشہ اپنی میونسپلٹی سے بھی پتہ کریں کیونکہ کچھ میونسپلٹیوں میں سال بھر پابندیاں برقرار رہتی ہیں۔

CFA ان دنوں میں آگ جلانے پر مکمل پابندی کا اعلان کرتی ہے جب آگ کے تیزی سے پھیلنے کا امکان ہو اور اس پر قابو پانا مشکل ہو۔ پابندیاں پورے وکٹوریہ یا بعض اضلاع میں لاگو ہو سکتی ہیں۔ فائر ڈینجر پیریڈ اور ٹوٹل فائر بین کے دنوں میں غیر قانونی طور پر آگ جلانے کی سزاؤں میں بھاری جرمانے اور ممکنہ قید شامل ہیں۔

## کیا میں باربی کیو کر سکتا ہوں، کیمپ فائر جلا سکتا ہوں یا حرارت یا آرام کے لیے آگ جلا سکتا ہوں؟





### فائر ڈینجر پیریڈ میں

**نہیں، سوائے اس کے کہ:**

- ہوا 10 کلومیٹر فی گھنٹا سے زیادہ تیز نہ ہو (اگر پتے اور چھوٹی ٹہنیاں مسلسل حرکت میں ہوں تو اس کا مطلب ہے ہوا تیز ہے)
- آگ **درست طریقے سے تعمیر کردہ فائر پلیس** میں یا کم از کم 30 سینٹی میٹر گہری کھائی میں جلائی جائے
- آگ کے بیرونی حلقے اور آگ کی سب سے اونچی لپٹوں سے 3 میٹر تک کی دوری پر کوئی آگ پکڑنے والا میٹریل موجود نہ ہو
- آگ 1 مربع میٹر سے زیادہ جگہ نہ گھیرے اور آگ کے ٹھوس ایندھن کا سائز اور طول و عرض اتنا کم سے کم ہو جو عین ضروری ہے
- آگ جلی ہونے کے تمام وقت میں کوئی شخص موجود رہے جو آگ بجھانے کی صلاحیت اور وسائل رکھتا ہو
- اس شخص کے وہاں سے ہٹنے سے پہلے آگ مکمل طور پر بجھ چکی ہو

ذہن میں رکھیں کہ CFA ایکٹ 1958 درست طریقے سے تعمیر کردہ فائر پلیس کی تعریف ایسی فائر پلیس کے طور پر کرتا ہے جو پتھر، دھات، کنکریٹ یا کسی اور آگ نہ پکڑنے والے میٹیریل سے بنی ہو اور آگ کو پوری طرح اپنے احاطے میں رکھتی ہو۔ کمرشل طریقے سے بنی باربی کیو یا پورٹیبل گیس سٹوو کو درست طریقے سے تعمیر کردہ فائر پلیس سمجھا جاتا ہے۔


### ٹوٹل فائربین کے دنوں پر

**ٹوٹل فائربین کے دنوں پر تمام کیمپ فائر، حرارت یا ذاتی آرام کے لیے آگ کی ممانعت ہوتی ہے۔ ٹوٹل فائر بین کے دنوں پر ٹھوس اور مائع ایندھن سے جلنے والی باربی کیو اور اوون (بشمول hangis تندور) کی بھی ممانعت ہوتی ہے۔**

**نہیں، سوائے اس کے کہ:**

- باربی کیو صرف گیس یا بجلی سے چلتی ہو اور یہ پتھر، دھات، کنکریٹ یا کسی اور آگ نہ پکڑنے والے میٹیریل سے بنا ایک مستقل فکسڈ سٹرکچر ہو جو خاص طور پر کھانے کی تیاری کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہو، یا خاص طور پر کھانے کی تیاری کے لیے ڈیزائن کی گئی اور کمرشل مینوفیکچرنگ سے بنی باربی کیو ہو (بشمول پورٹیبل گیس باربی کیو اور پورٹیبل گیس سٹوو کے)، اور جلتی ہوئی باربی کیو کو متوازن اور محفوظ پوزیشن میں رکھا جائے
- آگ کے بیرونی حلقے سے 3 میٹر تک کی دوری پر کوئی آگ پکڑنے والا میٹریل موجود نہ ہو
- آپ نے یا تو پانی کی سپلائی سے پائپ کنیکٹ کر کے پاس رکھا ہو یا فوری استعمال کے لیے کم از کم 10 لیٹر پانی والا کنٹینر موجود ہو
- آگ جلی ہونے کے تمام وقت میں ایک بالغ شخص موجود رہے جو آگ بجھانے کی صلاحیت اور وسائل رکھتا ہو
- بالغ شخص کے وہاں سے ہٹنے سے پہلے آگ مکمل طور پر بجھ چکی ہو۔

## میں کھانے کی تیاری کا کاروبار کرتا ہوں (مثلاً کیٹرنگ)، یا میں ایک کمیونٹی آرگنائزیشن/خیراتی تنظیم/ فنڈ ریزنگ تنظیم یا ایسی کوئی اور تنظیم ہوں۔ کیا میں کھلی جگہوں پر تقریبات میں باربی کیو، ککر یا ہاٹ پلیٹ چلانے کے لیے آگ کا بندوبست کر سکتا ہوں اور آگ جلا سکتا ہوں؟



### فائر ڈینجر پیریڈ میں

**نہیں، سوائے اس کے کہ:**

- ہوا 10 کلومیٹر فی گھنٹا سے زیادہ تیز نہ ہو (اگر پتے اور چھوٹی ٹہنیاں مسلسل حرکت میں ہوں تو اس کا مطلب ہے ہوا تیز ہے)
- آگ **درست طریقے سے تعمیر کردہ فائر پلیس** میں یا کم از کم 30 سینٹی میٹر گہری کھائی میں جلائی جائے
- آگ کے بیرونی حلقے اور آگ کی سب سے اونچی لپٹوں سے 3 میٹر تک کی دوری پر کوئی آگ پکڑنے والا میٹریل موجود نہ ہو
- آگ 1 مربع میٹر سے زیادہ جگہ نہ گھیرے اور آگ کے ایندھن کا سائز اور طول و عرض اتنا کم سے کم ہو جو عین ضروری ہے
- آگ جلی ہونے کے تمام وقت میں کوئی شخص موجود رہے جو آگ بجھانے کی صلاحیت اور وسائل رکھتا ہو
- اس شخص کے وہاں سے ہٹنے سے پہلے آگ مکمل طور پر بجھ چکی ہو

اگر آپ ان شرائط کو پورا نہیں کر سکتے تو آپ کو آن لائن پرمٹ (firepermits.vic.gov.au) کی درخواست دینی پڑے گی یا اپنی ایکٹیویٹی کے مقام کے لحاظ سے CFA یا FRV ڈسٹرکٹ آفس کو پرمٹ کی درخواست دینی پڑے گی۔

### ٹوٹل فائربین کے دنوں پر

**نہیں، سوائے اس کے کہ آپ کے پاس CFA، DEECA یا FRV کی طرف سے جاری کردہ تحریری پرمٹ ہو اور آپ اس پرمٹ کی شرائط کی تعمیل کریں۔**


کمیونٹی آرگنائزیشنز، خیراتی تنظیمیں یا فنڈ ریزنگ کرنے والی تنظیمیں (جیسے سکول یا سپورٹنگ گروپ) اپنے کاروبار کے دوران دوسرے لوگوں کا کھانا تیار کرنے کی خاطر آگ جلانے کی اجازت کے لیے درخواست دے سکتی ہیں۔ یہ پرمٹس ایکٹیویٹی کے مقام کے لحاظ سے CFA، DEECA یا FRV کی طرف سے صوابدید کی بنیاد پر جاری کیے جاتے ہیں۔

میونسپل فائر پریوینشن آفیسرز یہ پرمٹس جاری نہیں کر سکتے۔

# کن چیزوں کی اجازت ہے اور کن چیزوں کی اجازت نہیں؟

**آگ کی اطلاع دینے کے لیے**
**000 ڈائل کریں**

## کیا میں بیٹ بِیڈز، لکڑی یا کسی اور ٹھوس ایندھن سے جلنے والی سپِٹ سٹائل روٹیسیری استعمال کر سکتا ہوں؟



### فائر ڈینجر پیریڈ میں

**نہیں، سوائے اس کے کہ:**

- ہوا 10 کلومیٹر فی گھنٹا سے زیادہ تیز نہ ہو (اگر پتے اور چھوٹی ٹہنیاں مسلسل حرکت میں ہوں تو اس کا مطلب ہے ہوا تیز ہے)
- آگ **درست طریقے سے تعمیر کردہ فائر پلیس** میں یا کم از کم 30 سینٹی میٹر گہری کھائی میں جلائی جائے
- آگ کے بیرونی حلقے اور آگ کی سب سے اونچی لپٹوں سے 3 میٹر تک کی دوری پر کوئی آگ پکڑنے والا میٹیریل موجود نہ ہو
- آگ 1 مربع میٹر سے زیادہ جگہ نہ گھیرے اور آگ کے ٹھوس ایندھن کا سائز اور طول و عرض اتنا کم سے کم ہو جو عین ضروری ہے
- آگ جلی ہونے کے تمام وقت میں کوئی شخص موجود رہے جو آگ بجھانے کی صلاحیت اور وسائل رکھتا ہو
- اور اس شخص کے وہاں سے ہٹنے سے پہلے آگ مکمل طور پر بجھ چکی ہو

### ٹوٹل فائربین کے دنوں پر

**نہیں**

**ٹوٹل فائر بین کے دنوں پر کھلی ہوا میں ٹھوس ایندھن والی باربی کیو اور بیٹ بِیڈز، لکڑی یا کسی اور ٹھوس مادّے سے جلنے والی سپِٹ سٹائل روٹیسیری کی ممانعت ہے۔**

ذہن میں رکھیں کہ CFA ایکٹ 1958 درست طریقے سے تعمیر کردہ فائر پلیس کی تعریف ایسی فائر پلیس کے طور پر کرتا ہے جو پتھر، دھات، کنکریٹ یا کسی اور آگ نہ پکڑنے والے میٹیریل سے بنی ہو اور آگ کو پوری طرح اپنے احاطے میں رکھتی ہو۔ کمرشل طریقے سے بنی باربی کیو کو درست طریقے سے تعمیر کردہ فائر پلیس سمجھا جاتا ہے۔

## کیا میں گیس سے چلنے والی جنگلی جانوروں کو ڈرانے والی بندوق استعمال کر سکتا ہوں؟



### فائر ڈینجر پیریڈ میں

**نہیں، سوائے اس کے کہ:**

- آپ کے پاس اپنی ایکٹیویٹی کے مقام کے لحاظ سے CFA یا FRV کا جاری کردہ تحریری پرمٹ ہو اور آپ اس پرمٹ کی تمام شرائط کی تعمیل کریں۔

### ٹوٹل فائربین کے دنوں پر

**نہیں**

گیس سے چلنے والی ڈرانے والی بندوقیں ٹوٹل فائر بین کے دنوں میں استعمال نہیں کی جا سکتیں۔

## کیا میں گھاس، اناج کے خالی ڈنٹھلوں، خودرو بوٹیوں، جھاڑیوں، درختوں کے نیچے اُگے سبزے یا دوسرے سبزے کو جلا کر ختم کرنے کے لیے کھلی ہوا میں آگ جلا سکتا ہوں؟



### فائر ڈینجر پیریڈ میں

**نہیں، سوائے اس کے کہ:**

- آپ کے پاس اپنی ایکٹیویٹی کے مقام کے لحاظ سے CFA، FRV یا میونسپل فائر پریوینشن آفیسر کا جاری کردہ فائر ڈینجر پیریڈ پرمٹ ہو
- آپ کے پاس کسی پبلک اتھارٹی کے فائر پریوینشن آفیسر کا جاری کردہ تحریری پرمٹ ہو، اگر آپ ان کے دائرہ اختیار کے تحت زمین پر آگ جلانے کا ارادہ رکھتے ہوں
- آپ اس پرمٹ کی شرائط کی تعمیل کریں
- آگ جلی ہونے کے تمام وقت میں کوئی شخص موجود رہے جو آگ بجھانے کی صلاحیت اور وسائل رکھتا ہو
- اس شخص کے وہاں سے ہٹنے سے پہلے آگ مکمل طور پر بجھ چکی ہو۔

بہت سی کاؤنسلز میں مقامی قوانین ہیں جو ان کی میونسپلٹیوں کے اندر بعض دنوں میں یا بعض مقامات پر فالتو سبزہ ختم کرنے کے لیے آگ جلانے کی ممانعت کرتے ہیں۔ میونسپل فائر پریوینشن آفیسر سے پتہ کریں۔

### ٹوٹل فائربین کے دنوں پر

**نہیں**

ٹوٹل فائر بین کے دنوں پر کھلی ہوا میں گھاس، جھاڑیاں، اناج کے ڈنٹھل یا کوڑا جلانے کے لیے آگ لگانے کی مکمل ممانعت ہوتی ہے۔

ٹوٹل فائر بین کے دنوں پر پورے دن کے لیے CFA، FRV، میونسپل فائر پریوینشن آفیسر یا کسی پبلک اتھارٹی کے فائر پریوینشن آفیسر کے جاری کردہ فائر ڈینجر پیریڈ پرمٹس معطّل (سسپینڈڈ) ہو جاتے ہیں۔

تب پہلے سے جلتی ہوئی ہر طرح کی آگ، بشمول استثناء کے تحت یا فائر ڈینجر پیریڈ کے لیے پرمٹ کے تحت آگ، ممنوع ہو جاتی ہے اورٹوٹل فائر بین شروع ہونے سے پہلے آگ کو مکمل طور پر بجھانا ضروری ہے۔

## کیا میں ایسی جگہوں پر گاڑی چلا سکتا ہوں جہاں گاڑی فصلوں، گھاس، اناج کے خالی ڈنٹھلوں، خودرو بوٹیوں، درختوں کے نیچے اُگے سبزے یا دوسرے سبزے سے چھوتی ہوئی گزرے گی؟

### فائر ڈینجر پیریڈ میں

**نہیں، سوائے اس کے کہ:**

- گاڑی میں ایک مؤثر سائلینسنگ ڈیوائس (مثلاً مفلر) لگی ہو اور انجن سے تمام ایگزاسٹ سائلینسنگ ڈیوائس میں پہنچتا ہو۔

آپ کو گرم اور خشک حالات میں خشک سبزے سے گاڑی گزارنے سے گریز کرنا چاہیے، چاہے یہ ٹوٹل فائر بین کا دن نہ ہو کیونکہ گرم ایگزاسٹ سسٹم کی وجہ سے خطرہ ہوتا ہے۔

### ٹوٹل فائربین کے دنوں پر

**نہیں، سوائے اس کے کہ:**

- گاڑی میں ایک مؤثر سائلینسنگ ڈیوائس (مثلاً مفلر) لگی ہو اور انجن سے تمام ایگزاسٹ سائلینسنگ ڈیوائس میں پہنچتا ہو۔


جہاں بھی ممکن ہو، اس سے بچنا چاہیے کیونکہ آگ لگنے کا خطرہ بہت زیادہ ہوتا ہے اور ان دنوں میں آگ کے اثرات بہت زیادہ ہو سکتے ہیں۔

# کن چیزوں کی اجازت ہے اور کن چیزوں کی اجازت نہیں؟

آگ کی اطلاع دینے کے لیے
**000 ڈائل کریں**

## کیا میں chainsaw، پودوں یا گھاس کا trimmer یا گھاس کاٹنے والی مشین استعمال کر سکتا ہوں؟





### فائر ڈینجر پیریڈ میں

**نہیں، سوائے اس کے کہ:**

- chainsaw، پودوں یا گھاس کے trimmer یا گھاس کاٹنے کی مشین کو جب ایسے سبزے میں استعمال کیا جائے جو سبز نہ ہو (یعنی خشک سبزہ) تو یہ آلات مندرجہ ذیل شرائط پوری کرتے ہوں:
  - یہ ایسی خرابی اور مکینیکل نقائص سے پاک ہوں جن کی وجہ سے آگ لگ سکتی ہے
  - ان میں چنگاری روکنے والا پرزہ (سپارک اریسٹر) لگا ہو
  - مشین کے گرد کم از کم 3 میٹر تک کوئی آگ پکڑنے والا میٹیریل نہ ہو۔

اس کے ساتھ ساتھ مشین کے استعمال کے تمام وقت میں ایک شخص کا موجود رہنا ضروری ہے جس کے پاس آگ کو دبانے والی مندرجہ ذیل چیزوں میں سے کم از کم کوئی ایک چیز ہونا ضروری ہے:

- درست کام کرتا ہوا نیپ سیک (کمر پر اٹھایا جانے والا) سپرے پمپ، جو پانی سے مکمل طور پر چارج ہو، اور اس کی گنجائش 9 لیٹر سے کم نہ ہو، یا
- درست کام کرتا ہوا پانی کا (سٹورڈ پریشر) آگ بجھانے والا آلہ، جو پانی سے مکمل طور پر چارج ہو، جسے درست پریشر پر مینٹین کیا جا رہا ہو، اور اس کی گنجائش 9 لیٹر سے کم نہ ہو

سبز رنگ کے سبزے میں کام کرنے کی اجازت ہے تاہم CFA کا مشورہ ہے کہ آلات کی درست مینٹیننس کی جائے اور آگ دبانے والی ان چیزوں کو ساتھ رکھا جائے جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے۔

### ٹوٹل فائربین کے دنوں پر

ٹوٹل فائر بین کے دنوں پر جہاں بھی ممکن ہو، اس سے گریز کرنا چاہیے کیونکہ آگ لگنے کا خطرہ بہت زیادہ ہوتا ہے اور ان دنوں پر آگ کے اثرات بہت زیادہ ہو سکتے ہیں۔

اگر کام ضروری ہو تو فائر ڈینجر پیریڈ کے لیے برابر والے کالم میں دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔

ذہن میں رکھیں کہ اوپر مذکورہ سپارک اریسٹر، نیپ سیک سپرے پمپ اور پانی سے آگ بجھانے والے آلے کا متعلقہ آسٹریلین سٹینڈرڈز کے مطابق ہونا ضروری ہے۔

## کیا میں یہ کام کر سکتا ہوں:

- **ویلڈنگ، گیس کٹنگ، سولڈرنگ، گرائنڈنگ، چارنگ یا بجلی سے چلنے والی ابریسیو کٹنگ ڈسکس کا استعمال؟**
- **ریل مینٹیننس؟**
- **بٹومین (تارکول وغیرہ) کو گرم کرنا؟**
- **شہد کی مکھیوں کو بی سموکر کے ذریعے منتقل کرنا؟**
- **گرمی یا شعلے کا استعمال کرتے ہوئے شہد نکالنا؟**



### فائر ڈینجر پیریڈ میں

**نہیں، سوائے اس کے کہ:**

- آگ روکنے والے میٹیریل کی شیلڈ یا گارڈ کو اس طرح رکھا یا کھڑا کیا جائے کہ چنگاریوں، گرم دھات یا سلیگ (دھاتوں کی صفائی میں نکلنے والا ریتلا مواد) کو روکا جا سکے؛ اور
- کام سے کم از کم 1.5 میٹر کے قطرمیں کوئی آگ پکڑنے والا میٹیریل نہ ہو یا اس تمام جگہ کو اس قدر گیلا کیا گیا ہو کہ آگ نہ پھیل سکتی ہو؛ اور
- آگ لگنے کی صورت میں فوری استعمال کے لیے پائپوں کے نیٹ ورک سے واٹر سپلائی یا نیپ سیک قسم کا مؤثر واٹر سپرے پمپ موجود ہو جس کے ٹینک کی گنجائش 9 لیٹر سے کم نہ ہو، جو پانی سے مکمل چارج ہو؛ اور
- کام کے دوران کٹنے والے دھاتی ٹکڑوں اور الیکٹروڈ سٹبز کو سیدھا فائر پروف کنٹینر میں ڈالا جائے
- آگ جلی ہونے کے تمام وقت میں کوئی شخص موجود رہے جو آگ بجھانے کی صلاحیت اور وسائل رکھتا ہو
- اس شخص کے وہاں سے ہٹنے سے پہلے آگ مکمل طور پر بجھ چکی ہو۔

### ٹوٹل فائربین کے دنوں پر

**نہیں**

**ٹوٹل فائر بین کے دنوں پر یہ کام ممنوع ہیں۔**

بعض محدود حالات میں CFA، DEECA یا FRV ٹوٹل فائر بین کے دنوں پر پرمٹ جاری کر سکتے ہیں۔

ایکٹیویٹی کے مقام کے لحاظ سے یہ پرمٹس CFA، DEECA یا FRV جاری کرتے ہیں۔ میونسپل فائر پریوینشن آفیسرز یہ پرمٹس جاری نہیں کر سکتے۔

پرمٹ کی درخواست دینے کے طریقے کی تفصیلات کے لیے پچھلا صفحہ دیکھیں۔

# کن چیزوں کی اجازت ہے اور کن چیزوں کی اجازت نہیں؟

آگ کی اطلاع دینے کے لیے
**000 ڈائل کریں**

## کیا میں incinerator (کوڑا جلانے والی مشین) استعمال کرسکتا ہوں؟

### فائر ڈینجر پیریڈ میں

**نہیں، سوائے اس کے کہ:**

1. آپ کاؤنسل سے ایسے مقامی قوانین کے متعلق پوچھیں جو incinerator کے لیے شرائط عائد کرتے ہوں یا incinerator کے استعمال پر کوئی پابندی یا ممانعت عائد کرتے ہوں (مثلاً بعض دنوں پر، بعض علاقوں میں یا بعض اوقات میں ممانعت)
2. اور درج ذیل تقاضے پورے کیے جائیں:
   - آگ مؤثر طریقے سے incinerator کے اندر محدود رہے جس کا مطلب ہے کہ چنگاریاں، انگارے یا کوئلے incinerator کے اوپر، نیچے اور اطراف سے باہر نہ نکل سکتے ہوں
   - ہوا 10 کلومیٹر فی گھنٹا سے زیادہ تیز نہ ہو (اگر پتے اور چھوٹی ٹہنیاں مسلسل حرکت میں ہوں تو اس کا مطلب ہے ہوا تیز ہے)
   - incinerator کے بیرونی احاطے کے گرد 3 میٹر تک زمین اور فضا میں آگ پکڑنے والا کوئی میٹیریل نہ ہو
   - آگ جلنے کے تمام وقت میں آگ بجھانے کے لیے کافی پانی کی سپلائی موجود ہو
   - آگ جلی ہونے کے تمام وقت میں کوئی شخص موجود رہے جو آگ بجھانے کی صلاحیت اور وسائل رکھتا ہو
   - اس شخص کے وہاں سے ہٹنے سے پہلے آگ مکمل طور پر بجھ چکی ہو۔

### ٹوٹل فائربین کے دنوں پر

**نہیں**

ٹوٹل فائر بین کے دنوں پر incinerator کے استعمال کی ممانعت ہوتی ہے۔

ذہن میں رکھیں کہ CFA ایکٹ 1958 میں incinerator کی تعریف ایسا سٹرکچر یا ڈیوائس ہے جسے غیر مطلوبہ میٹیریلز کو جلا کر تباہ یا تلف کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہو یا استعمال کیا جا سکتا ہو اور اسے:

- آگ نہ پکڑنے والے میٹیریل سے بنایا گیا ہو، اور
- اور اس میں آگ نہ پکڑنے والے میٹیریل سے بنی شیلڈ یا گارڈ ہو جو چنگاریوں، انگاروں یا دوسرے جلتے ہوئے میٹیریل کو روکنے کے لیے ہو۔

## کیا میں فصلوں، گھاس، اناج کے خالی ڈنٹھلوں، خودرو بوٹیوں، درختوں کے نیچے اگے سبزے یا دوسرے سبزے سے 9 میٹر سے کم فاصلے پر سیلف پروپیلڈ فارم مشینری یا ہیٹ انجن والے ٹریکٹر، سلیشر، مٹی ہٹانے والی مشین، کھدائی کرنے والی مشین یا سڑک بنانے والی مشین استعمال کر سکتا ہوں؟

### فائر ڈینجر پیریڈ میں

**نہیں، سوائے اس کے کہ :**

- مشینری ایسی خرابیوں اور مکینیکل نقائص سے پاک ہو جن کی وجہ سے آگ لگ سکتی ہے
- مشینری میں درست کام کرتا ہوا سپارک اریسٹر، ٹربوچارجر یا ایگزاسٹ ایسپیریٹڈ ایر کلینر لگا ہو
- مشینری میں آگ دبانے والی چیزیں موجود ہوں یعنی یا تو:
  – کم از کم ایک درست کام کرتا ہوا نیپ سیک سپرے پمپ جو پانی سے مکمل چارج ہو، جس کی گنجائش 9 لیٹر سے کم نہ ہو، یا
  – کم از کم ایک درست کام کرتا ہوا پانی سے(سٹورڈ پریشر) آگ بجھانے کا آلہ ہو جو پانی سے مکمل چارج ہو اور درست پریشر پر مینٹین کیا جا رہا ہو، اور اس کی گنجائش 9 لیٹر سے کم نہ ہو۔

### ٹوٹل فائربین کے دنوں پر

جہاں بھی ممکن ہو، اس سے گریز کرنا چاہیے کیونکہ آگ لگنے کا خطرہ بہت زیادہ ہوتا ہے اور ان دنوں پر آگ کے اثرات بہت زیادہ ہو سکتے ہیں۔

اگر کام ضروری ہو تو برابر والے کالم میں فائر ڈینجر پیریڈ کے لیے دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔

ذہن میں رکھیں کہ اوپر مذکورہ سپارک اریسٹر، نیپ سیک سپرے پمپ اور پانی سے آگ بجھانے والے آلے کا متعلقہ آسٹریلین سٹینڈرڈز کے مطابق ہونا ضروری ہے۔

آگ استعمال کرنے والے ہر فرد کی ذمہ داری ہے کہ وہ آگ پر پابندی کے قوانین کی تعمیل کرنا یقینی بنائے۔ آگ استعمال کرنے والا ہر شخص یہ یقینی بنانے کا پابند ہے کہ اس کے کاموں سے آگ کسی دوسری پراپرٹی تک نہ پھیلنے پائے۔ کرائمز ایکٹ 1958 (Vic) کے تحت ہر اس شخص کے لیے سخت سزائیں لاگو ہوتی ہیں جو جان بوجھ کر یا غفلت سے آگ لگائے، آگ کو برقرار رکھے یا آگ پر قابو پانے میں ناکام رہے اور اسے کسی دوسری پراپرٹی تک پھیلنے دے۔

**میں فائر ڈینجر پیریڈ قرار پانے والے عرصے میں یا ٹوٹل فائر بین کے دن پر آگ استعمال کرنے کے پرمٹ کے لیے کیسے درخواست دے سکتا ہوں؟**

firepermits.vic.gov.au دیکھیں۔

**اگر میں اپنے پرمٹ کے مطابق آگ جلانے کا ارادہ کر رہا ہوں تو میرے لیے کس کو اطلاع دینا ضروری ہے؟**

آپ firepermits.vic.gov.au کے ذریعے Triple Zero Victoria کو اطلاع دینے کے پابند ہیں۔ اپنے پرمٹ کی شرائط پڑھیں کیونکہ اس سلسلے میں اکثر کچھ دوسرے لوگوں کا بھی ذکر ہوتا ہے جنہیں اطلاع دینا ضروری ہے۔

**اگر میں فالتو سبزہ جلانے کا ارادہ رکھتا ہوں تو میرے لیے کس کو اطلاع دینا ضروری ہے؟**

سال بھر، تمام وقت، آپ firepermits.vic.gov.au کے ذریعے Triple Zero Victoria کو اطلاع دینے کے پابند ہیں، فالتو سبزہ جلانے سے پہلے۔

وضاحت یا مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے یہاں رابطہ کریں:

**CFA**: فون 8444 9262 (03)؛
ای میل firepermitqueries@cfa.vic.gov.au

**DEECA**: فون 186 136؛
ویب سائٹ: ffm.vic.gov.au/permits-and-regulations/fire-permits

**FRV**: فون 2311 9662 (03)؛
ای میل firepermitqueries@frv.vic.gov.au

میلبرن کے شمال مشرق اور مشرق کی کئی میونسپلٹیوں میں پبلک لینڈ باؤنڈری کے گرد 1.5 کلومیٹر تک کے علاقے میں DEECA کی آگ پر پابندیاں بھی لاگو ہوتی ہیں۔ تفصیلات کے لیے DEECA کی ویب سائٹ دیکھیں۔

cfa.vic.gov.au

frv.vic.gov.au